**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Islamiyat Paper II**

**Time: 1 hour 30 minutes    Marks: 30**

April/ May 2019 Teacher for Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کُل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) سورۂ ممتحنہ کے مطابق جو عورتیں کفار کی سرزمین سے ہجرت کر کے اہل ایمان کے پاس آئیں ان کے بارے میں اہلِ ایمان کو کیا ہدایات دی گئی ہیں؟ **تین** نکات میں بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) يَآ اَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا۔ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا۔

(سورۂ احزاب: آیت 28-29)

درج بالا آیات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

i۔ اللہ تعالیٰ نے امہاتُ المومنین کو کون سی دو باتوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کو کہا؟ (1 نمبر)

ii۔ اس حوالے سے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے لیے اللہ تعالیٰ نے کیا حکم دیا؟ (1 نمبر)

iii۔ امہاتُ المومنین نے کون سی بات اختیار کی؟ (1 نمبر)

April/May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) حامد جمعہ کی صلوٰۃ کے لیے اپنے بڑے بھائی کے ساتھ مسجد جاتا ہے، اس دوران جمعہ کا خطبہ ہو رہا ہوتا ہے۔ حامد مسجد میں باتیں کرنا شروع کر دیتا ہے۔ ایسے میں حامد کا بڑا بھائی کہتا ہے: ''خاموش ہو جاؤ امام خطبہ دے رہا ہے۔'' حامد خاموش ہو جاتا ہے۔

دیے گئے بیان میں کیا حامد کے بڑے بھائی کا اپنے بھائی کو باتیں کرنے سے روکنا صحیح تھا؟ نصاب میں دی گئی حدیث کو سامنے رکھتے ہوئے دو نکات میں وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

(ب) اسلم فٹ بال کا اچھا کھلاڑی ہے اور اُس کے کھیل کا چرچا جگہ جگہ عام ہے۔ لیکن اس کے ساتھ وہ صوم و صلوٰۃ کا بھی پابند ہے۔ ایک دن اسلم اپنے دوستوں کے ساتھ فٹ بال کھیل رہا تھا کہ 'صلوٰۃ' کا وقت ہوگیا۔ وہ صلوٰۃ کے لیے چل پڑتا ہے تو اس کے دوست اسے روکتے ہیں۔ وہ کچھ توقف کرتا ہے لیکن دوبارہ صلوٰۃ کے لیے آہستہ آہستہ اور اطمینان سے چل پڑتا ہے۔ راستے میں ایک شخص اس سے کہتا ہے کہ جلدی چلو صلوٰۃ نکل جائے گی، لیکن پھر بھی وہ اطمینان سے چل کر مسجد پہنچتا ہے اور صلوٰۃ کی مکمل ادائیگی کرتا ہے۔

i۔ دیے گئے بیان کے مطابق اسلم اگر 'صلوٰۃ' چھوڑ دیتا تو نصاب میں دی گئی حدیث کے مطابق اسلم کا یہ عمل کیا کہلاتا؟ (1 نمبر)

ii۔ اسلم صلوٰۃ کے لیے اطمینان سے کیوں گیا؟ نصاب میں دی گئی حدیث کے مطابق دو نکات میں وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔3 (کل 4 نمبر)

قرآن مجید کے مطالبات میں سے ایک مطالبہ ' تلاوتِ قرآن ' ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت کو کوئی سی **چار** احادیث کی روشنی میں بیان کیجیے۔

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

کوئی **چار** وجوہات بیان کیجیے جن کی بنا پر حضور صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم اور ان کے ساتھیوں (صحابہ کرامؓ) کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنا پڑی۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

(الف) 'سید امیر علی' اور 'ابو القاسم عباس الزہراوی' کی معروف تصانیف میں سے دونوں کی ایک ایک تصنیف کا نام تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ان دونوں میں سے کسی **ایک** کی علمی خدمات سے آج کے طالب علموں کو کیا رہنمائی ملتی ہے؟ دو نکات تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔ 6 (کل 6 نمبر)

(الف)

i۔ "ان دونوں کو اف بھی نہ کہو" (سورۂ بنی اسرائیل آیت: 23)

ii۔ "اے اہل ایمان! اپنے آپ کو اور اپنے اہل خانہ کو دوزخ سے بچاؤ" (سورۂ تحریم آیت: 6)

دی گئی آیات کو سامنے رکھتے ہوئے بتائیے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں بالترتیب کن کے حقوق بیان کیے ہیں؟ دونوں کے حقوق کی **دو دو** نکات میں وضاحت کیجیے۔

**یا**

(ب) 'کسی بھی گھر یا علاقے میں صفائی ستھرائی ماحول کو صحت مند اور خوبصورت بناتی ہے۔'

درج بالا بیان سے آپ کس حد تک متفق ہیں؟ **چار** نکات میں وضاحت کیجیے۔؟ نیز طہارت کی اہمیت پر **ایک** قرآنی آیت کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only